# بچی کا نام "حائقہ" رکھنا

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

بچی کا نام "حائقہ" رکھنا کیسا؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

حائقہ کا معنیٰ ہے "احاطہ کرنے والی"، یہ نام رکھنا شرعاً جائز ہے۔ البتہ! بہتر یہ ہے کہ اس نام کے بجائے ازواجِ مطہرات و صحابیات و صالحات رضی اللہ عنھن کے ناموں پر نام رکھا جائے کہ اچھوں کے نام پر نام رکھنا مستحب ہے کہ حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے اور اس سے امید ہے کہ ان اچھوں کی برکت بچی کے شامل حال رہے گی۔ تاج العروس میں ہے "{حاق بِهِ الشَّيْءُ} يَحِيق {حيقاً} وحيوقاً {وحيقاناً الْأَخير بِالتَّحْرِيكِ أحَاطَ بِهِ فَهُوَ} حائق۔" (تاج العروس، جلد25، صفحہ 211، مطبوعہ کویت)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے "تسموا بخيار كم "ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ 58، حدیث 2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: "حدیث سے ثابت کہ محبوبانِ خدا انبیاء و اولیاء علیہم الصلوۃ والثناء کے اسمائے طیبہ پر نام رکھنا مستحب ہے جبکہ ان کے مخصوصات سے نہ ہو۔" (فتاوی رضویہ، ج24، ص685، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

صدرالشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں : "انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگانِ دین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہار شریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

**نوٹ :** ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "**نام رکھنے کے احکام**" کا مطالعہ مفید رہے گا۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جا سکتا ہے۔ نیچے دئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جا سکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب :** ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری مدنی

**فتوی نمبر :** WAT-3921

**تاریخ اجراء :** 15ذوالحجۃالحرام1446ھ/12جون2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net